سوال

(516)''عورت کے لیے حج میں محرم کا خرچ عورت کے ذمہ ہے'' سے مراد؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فقہائے کرام نے لکھا ہے کہ عورت کے لیے حج میں محرم کا خرچ عورت کے ذمے ہے، اس سے ان کی کیا مراد ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس سے ان کی مراد یہ ہے جیسے کہ انہوں نے صراحت کی ہے کہ عورت اپنے اس محرم کے مصارف سفر اور زاد راہ کے اخراجات بھی برداشت کرے۔ "زاد سفر" سے مراد ہر وہ خرچ ہے جس کی سفر میں ضرورت ہو سکتی ہے مگر دیگر حاجات جو اس سفیر کا لازمی حصہ نہیں، وہ اس میں شامل نہیں ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 383

محدث فتویٰ